
# سرحد پار پناہ گزینی کے طریقۂ کار کے دوران استقبالیہ پر آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں



یہ معلومات آپ کے لئے اس صورت میں ہے اگر:

- آپ بالغ ہیں (یعنی آپ کی عمر 18 سال سے زیادہ ہے)
- آپ نے اٹلی میں بین الاقوامی تحفظ (جسے پناہ بھی کہا جاتا ہے) کے لیے درخواست دی ہے اور اب آپ بین الاقوامی تحفظ کے درخواست دہندہ ہیں۔

# مشمولات



| | |
|---|---|
| استقبال کیا ہے؟ | 3 |
| آپ کہاں رہائش رکھیں گے؟ | 6 |
| آپ کو کیا ملے گا؟ | 7 |
| صحت کی دیکھ بھال کا حق | 8 |
| بچوں کے لئے تعلیم کا حق | 11 |
| زبان کے کورسز اور پیشہ ورانہ تربیت | 12 |
| آپ کو اُس جگہ جہاں آپ رہائش پذیر ہیں، اور کون سے حقوق حاصل ہیں؟ | 13 |
| کسی درخواست دہندہ کو کن حالات میں حراست میں لیا جا سکتا ہے | 14 |
| استقبال پر آپ کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟ | 15 |
| اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟ | 16 |
| اگر آپ حکام کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے + EU ملک جائیں گے تو کیا ہوگا؟ | 17 |
| آپ حکام کے فیصلے پر اپیل کر سکتے ہیں | 18 |
| آپ کو قانونی مدد مل سکتی ہے | - |
| رابطے کی تفصیلات | - |

## استقبال کیا ہے؟

جب تک حکام بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام کر رہے ہیں، اس وقت تک آپ کو درخواست دہندہ کے طور پر جو مدد ملتی ہے، اسے استقبال کہا جاتا ہے۔ اس میں اس کتابچے میں بتائے گئے استقبال کے حقوق اور استقبال کی ذمہ داریاں شامل ہیں۔

اٹلی میں، استقبالیہ کا ذمہ دار ادارہ وزارتِ داخلہ، محکمہ برائے شہری آزادی اور امیگریشن – پریفیکٹورا ہے۔ آپ کی پناہ گزینی کی درخواست کا جائزہ لینے کے لیے مجاز ادارہ بین الاقوامی تحفظ کی منظوری کے لیے قائم علاقائی کمیشن (ٹیریٹوریل کمیشن) ہے۔

عملہ آپ سے اس بات کی تصدیق اور دستخط طلب کرے گا کہ آپ نے اس بروشر میں دی گئی معلومات وصول کر لی ہیں۔ اگر کوئی بات واضح نہ ہو تو کے عملے سے سوالات پوچھیں۔



**آپ اس ملک میں محفوظ ہیں۔**

آپ کے قیام کے دوران، استقبالیہ مرکز کا عملہ آپ کو آپ کی صورتحال کے مطابق دستیاب استقبالیہ خدمات اور امداد کے بارے میں مطلع کرے گا



آپ دوسرے اداروں سے معلومات اور مفت مدد بھی مانگ سکتے ہیں۔ اس کتابچے کے اختتام پر ان اداروں کی فہرست موجود ہے۔



**ایک ترجمان** ضرورت پڑنے پر آپ کی ایسی زبان میں استقبالیہ مرکز کے عملے سے بات چیت کرنے میں مدد کرے گا جسے آپ سمجھتے ہیں۔ ترجمان آپ کی کہی ہوئی بات کسی کو نہیں بتائے گا۔ یہ امداد ریموٹ)آن لائن یا فون کے ذریعے دور بیٹھے ( بھی فراہم کی جا سکتی ہے۔

معلومات دیگر مجاز حکام کے ساتھ بھی شیئر کی جا سکتی ہیں۔

**یہ بروشر سرحدی پناہ گزینی کے طریقۂ کار کے دوران آپ کے استقبالی حقوق اور ذمہ داریوں کی وضاحت کرتا ہے۔ بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست اور سرحدی پناہ گزینی کے طریقۂ کار کے دوران اس پر عمل کرنے کے قواعد کے بارے میں معلومات آپ علیحدہ بروشرز میں حاصل کر سکتے ہیں۔**

**اب آپ اٹلی میں ہیں جو ایک +EU ملک ہے۔**
**+EU کے ممالک ہیں:**

- یورپی یونین (EU) کی 27 رکن ریاستیں: آسٹریا، بیلجیم، بلغاریہ، کروشیا، قبرص، چیکیا، ڈنمارک، ایسٹونیا، فن لینڈ، فرانس، جرمنی، یونان، ہنگری، اٹلی، لٹویا، لتھوانیا، لگزمبرگ، مالٹا، نیدرلینڈز، پولینڈ، پرتگال، جمہوریہ آئرلینڈ، رومانیہ، سلوواکیا، سلووینیا، اسپین، سویڈن اور

- 4 دیگر ممالک: آئس لینڈ، سوئٹزرلینڈ، لختنشٹائن، ناروے

## توجہ فرمائیں!

تمام +EU ممالک میں درخواست دہندگان کے استقبال پر ایک جیسے حقوق اور ایک جیسی ذمہ داریاں ہوتی ہیں۔
پناہ کے لئے اپلائی کرنے اور دیگر +EU ممالک جانے کے حوالے سے قواعد موجود ہیں۔

- اگر حکام نے آپ کو دوسری ہدایات نہ دی ہوں، تو **آپ کو اسی +EU ملک میں پناہ کے لئے اپلائی کرنے اور اپنی درخواست رجسٹر کرنے کی ضرورت ہے جہاں آپ سب سے پہلے آئے تھے۔**

- **آپ کے پناہ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری صرف ایک ہی +EU ملک کی ہے۔** اٹلی کے حکام ایک طریقہ کار کے تحت فیصلہ کریں گے کہ آپ کی پناہ کے درخواست کے لئے کونسا +EU ملک ذمہ دار ہے۔

- **آپ کو اٹلی میں رہنا ہوگا۔ آپ حکام کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے +EU ملک نہیں جا سکتے۔** چھوڑ کر جانے کی صورت میں منفی نتائج سامنے آئیں گے۔ اٹلی میں آپ کا پناہ گزینی کا طریقۂ کار روک دیا جائے گا اور آپ کی درخواست کو واپس لی گئی یا مسترد شدہ تصور کیا جائے گا۔ دیگر ملک میں آپ کی آزادیٔ نقل و حرکت محدود کی جا سکتی ہے یا آپ کو حراست میں لیا جا سکتا ہے، اور کچھ استقبالی خدمات منسوخ کر دی جائیں گی۔

## آپ کہاں ٹھہریں گے؟

بین الاقوامی تحفظ کی منظوری کے لیے قائم علاقائی کمیشن، جو کہ استقبالیہ مرکز کے محلِ وقوع کے مطابق مجاز ادارہ ہے، یہ فیصلہ کرے گا کہ آیا آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کا جائزہ سرحد پر پناہ گزینی کے طریقہ کار کے تحت لیا جائے گا۔ سرحد پر پناہ گزینی کے طریقہ کار کے دوران **آپ کا ایک مخصوص متعین کردہ جگہ پر رہنا لازمی ہے۔**
**آپ کو اس جگہ کے قوانین کا احترام کرنا ہوگا اور اس مخصوص جگہ پر آپ کی موجودگی کی باقاعدگی سے جانچ پڑتال کی جا سکتی ہے۔**

رہائشی مرکز کے محلِ وقوع کے مطابق مجاز علاقائی پریفیکٹورا (علاقائی دفتری انتظامیہ) کے لیے لازمی ہے کہ وہ آپ کو ایک ایسی زبان میں، جسے آپ سمجھتے ہوں، تحریری طور پر اس مخصوص جگہ پر آپ کے قیام سے متعلق فیصلے سے آگاہ کرے۔ ان کے لیے لازم ہے کہ وہ آپ کو آپ کے حقوق، آپ کے فرائض اور فیصلہ نہ ماننے کی صورت میں نکلنے والے منفی نتائج کے بارے میں مطلع کریں۔






آپ کو مخصوص مقررہ جگہ پر رہائش اختیار کرنے کے فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کا حق حاصل ہے۔

آپ مرکز کے محلِ وقوع کے مطابق مجاز علاقائی پریفیکٹورا)علاقائی دفتری انتظامیہ (سے درخواست کر سکتے ہیں کہ آیا آپ غیر معمولی حالات میں ایک محدود مدت کے لیے کہیں اور قیام کر سکتے ہیں۔ حکام آپ کی درخواست کو منظور بھی کر سکتے ہیں اور مسترد بھی۔ اگر آپ کی درخواست مسترد کر دی جاتی ہے، تو آپ اس فیصلے کے خلاف اپیل دائر کر سکتے ہیں۔۔

## آپ کو کیا ملے گا؟

جب تک حکام آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام کر رہے ہیں، آپ کے ذاتی اور مالی حالات کے لحاظ سے آپ کو یہ سہولیات ملیں گی:



- رہائش



- ذاتی صحت و صفائی کا سامان



- کھانا



- کپڑے



- روزمرہ کے خرچے کے لئے پیسے

## صحت کی دیکھ بھال کا حق



حکام یقینی بنائیں گے کہ آپ کو **ضروری صحت کی دیکھ بھال** مل رہی ہے۔ اس میں مثال کے طور پر ڈاکٹر یا نرس سے ملاقاتیں، سنگین اور دائمی بیماریوں کے لئے معائنے، ڈاکٹر کی لکھی گئی دوائیں اور ذہنی صحت کے سلسلے میں معاونت شامل ہو سکتے ہیں۔

**اگر آپ کسی طبی مسئلے کا شکار ہیں تو عملے کو بتائیں۔**

اگر آپ کو کوئی طبی ایمرجنسی ہو یا کوئی چوٹ لگی ہو جس کے لیے فوری علاج کی ضرورت ہو، تو عملے کو بتائیں۔



ایک ڈاکٹر یا نرس آپ کا طبی معائنہ کریں گے۔ وہ آپ کی صحت کا معائنہ کریں گے اور آپ کی مدد کریں گے۔ وہ آپ کے موجودہ یا ماضی کے امراض، آپ کے ویکسین کے ریکارڈز اور آپ کی ادویات کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں .وہ آپ سے آپ کو لگنے والی چوٹوں، درد، بیماریوں، یا پریشانیوں کے بارے میں بھی سوال پوچھ سکتے ہیں۔

## خصوصی ضروریات رکھنے کی صورت میں آپ خصوصی معاونت حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔







**اگر آپ کے ساتھ ایسا ہو تو عملے کو بتائیں:**

- آپ بیمار ہیں یا آپ کو چوٹ لگی ہے
- آپ حاملہ ہیں یا آپ کے حاملہ ہونے کا امکان ہے
- آپ کے گھر والوں کو مخصوص معاونت کی ضرورت ہے
- آپ کسی معذوری کے شکار ہیں (مثال کے طور پر، آپ زیادہ چل پھر نہیں سکتے، آپ کو کم سنائی دیتا ہے یا کم نظر آتا ہے)
- آپ کو ہر وقت گھبراہٹ، پریشان یا الجھن ہوتی ہے، آپ کو نیند نہیں آتی، یا آپ کو منفی خیالات آتے ہیں
- آپ کو ماضی میں ظلم و ستم یا تشدد کا نشانہ بنایا گیا تھا
- آپ کو ایسا لگتا ہے کہ آپ غیر محفوظ ہیں، یا کوئی آپ کو دھمکی دے رہا ہے، یا آپ کو کسی سے ڈر لگ رہا ہے، چاہے آپ اس شخص کو جانتے ہوں یا نہیں
- آپ سے ایسے کام کروائے گئے ہیں یا کروائے جا رہے ہیں جو آپ نہیں کرنا چاہتے
- آپ اپنے مذہب، اپنی محبت، اپنے لباس یا اپنے رویے کی وجہ سے خود کو محفوظ نہیں سمجھتے

آپ ماہرانہ/خصوصی امداد صرف اسی صورت میں حاصل کر سکتے ہیں جب استقبالیہ مرکز کے عملے کو آپ کی مخصوص ضروریات کا علم ہو



استقبالیہ مرکز کا ماہر عملہ (سوشل ورکر، ماہرِ نفسیات) آپ سے سوالات پوچھے گا تاکہ:

- آپ کی **مخصوص ضروریات کا جائزہ لیا جا سکے؛**
- یہ شناخت کی جا سکے کہ آپ کے لیے **کون سی ماہرانہ/خصوصی امداد** سب سے زیادہ موزوں ہے۔



اسے **مخصوص ضروریات کا جائزہ** کہا جاتا ہے۔

اگر ضروری ہو تو مترجم آپ کو ایسی زبان میں بات کرنے میں مدد کریں گے، جو آپ کو سمجھ آئے۔



اگر آپ کو خصوصی معاونت کی ضرورت ہو تو **ہمیشہ** استقبالیہ مرکز عملے سے رابطہ کریں۔

آپ کو یہ معاونت اس وقت تک ملتی رہے گی جب تک حکام کی خیال میں آپ کو اس کی ضرورت ہو۔
آپ ڈاکٹر، نرس، اور ماہر عملے پر بھروسہ کر سکتے ہیں اور ان سے کھل کر بات کر سکتے ہیں۔ تمام معلومات کو رازدار رکھا جائے گا، یعنی اسے آپ کی رضامندی کے بغیر کسی کو بھی بتایا نہیں جائے گا۔
صرف اسی وقت آپ کی بات کسی اور کو بتائی جائے گی اگر آپ کی یا کسی اور کی جان کو خطرہ ہو۔

## بچوں کے لئے تعلیم کا حق

18 سال سے کم عمر کے تمام بچوں کو، چاہے وہ لڑکے ہوں یا لڑکیاں، تعلیم حاصل کرنے کا حق ہے۔

انہیں زبان کی کلاسز جیسی معاونت ملے گی




اٹلی میں، 6اور 16 سال کے درمیان تمام بچوں کے لئے اسکول جانا ضروری ہے۔

**والدین اپنے بچوں کو اسکول بھیجنے کے ذمہ دار ہیں۔**

## آپ کو اُس جگہ جہاں آپ رہائش پذیر ہیں، مزید کون سے حقوق حاصل ہیں؟



- **محفوظ رہنے کا حق:** کسی کے پاس بھی، جس میں عملہ بھی شامل ہے، آپ کو دھمکانے، آپ کی توہین کرنے، یا آپ کو نقصان پہنچانے کا حق نہیں ہے۔



- **اپنے شوہر، بیوی، 18 سال سے کم بچوں یا بہن بھائیوں، یا روزانہ دیکھ بھال کی ضرورت رکھنے والے کسی بالغ رشتہ دار کے ساتھ رہنے کا حق۔**
- **اپنے رشتہ داروں کے ساتھ رہنے کا حق،** آپ اگر بالغ ہیں اور آپ کو روزانہ دیکھ بھال کی ضرورت ہوتی ہے۔



- اگر آپ کو اپنے خاندان سے **رابطہ کرنے** اور **انہیں تلاش کرنے میں مدد کی ضرورت ہو، جب آپ کو ان کے بارے میں معلوم نہ ہو کہ وہ کہاں ہیں۔**

**اگر آپ کو ایسا لگے تو آپ رسمی طور پر شکایت درج کر سکتے ہیں:**



- عملے کے کسی بھی رکن نے آپ کو دھمکی دی ہو، آپ کی توہین کی ہو، یا آپ کو نقصان پہنچایا ہو۔

استقبالیہ مرکز آپ کو رسمی طور پر شکایت درج کرنے کا طریقہ بتائیں گے۔

آپ کسی بھی وقت حکام، غیرحکومتی اداروں یا اقوام متحدہ کی ایجنسی برائے پناہ گزین (UNHCR) سے مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

**توجہ فرمائیں!** اگر آپ اس مخصوص جگہ پر رہنے کے فیصلے پر عمل نہیں کرتے، یا اپنی ذمہ داریوں کو پورا نہیں کرتے، اور آپ کے دوبارہ بھاگ جانے کا خطرہ موجود ہو، تو آپ کو حراست میں رکھا جا سکتا ہے۔

## کسی درخواست دہندہ کو کن حالات میں تحویل میں لیا جا سکتا ہے



تحویل میں لینے کا مطلب ہے کہ آپ کو ایک مخصوص جگہ پر رکھا گیا ہے اور آپ بلا رکاوٹ یہاں سے نہیں نکل سکتے۔ آپ کو تحویل میں لینے کے لئے حکام کے پاس ٹھوس وجہ ہونی چاہیے۔ انہیں یقین ہونا چاہیے کہ کوئی دوسرا راستہ موجود نہیں ہے۔ حکام فیصلہ کرنے سے پہلے آپ کے ذاتی حالات پر غور کریں گے۔

تحویل کی وجوہات، مثال کے طور پر، یہ ہو سکتی ہیں:

- تحویل کے بغیر آپ کی پناہ کی درخواست کے کچھ اہم حصوں (جیسے کہ آپ کی شناخت) کی تصدیق نہیں کی جا سکتی
- آپ نے ایک مخصوص جگہ پر رہنے کی ضرورت کا احترام نہیں کیا، اور اس بات کا خطرہ موجود ہو کہ آپ دوبارہ بھاگ جائیں گے اور حکام آپ سے رابطہ نہیں کر پائیں گے
- آپ کو آپ کی پناہ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ دار +EU ملک لے جانے کا فیصلہ مل گیا ہے، اور وہاں جانے سے پہلے آپ کے بھاگنے کا خطرہ موجود ہے
- آپ کی وجہ سے سلامتی کو خطرہ ہے۔

تحویل میں لئے جانے کی صورت میں آپ فیصلے کو اپیل کر سکتے ہیں۔ آپ مفت قانونی مدد اور نمائندگی کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## استقبال پر آپ کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟





**نیچے کچھ ذمہ داریاں لکھی گئی ہیں جنہیں آپ کو پورا کرنے کی ضرورت ہے۔**

- ✅ اس ملک کے قوانین کی پابندی کریں۔
- ✅ اٹلی میں رہیں اور حکام کی اجازت کے بغیر کسی دوسری EU+ ملک نہ جائیں۔
- ❌ آپ کو حکام نے جہاں ٹھہرنے کے لئے کہا ہے، وہاں سے اجازت کے بغیر کہیں نہ جائیں۔
- ✅ حکام کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور ان کی ہدایات پر عمل کریں۔
- ✅ آپ جہاں ٹھہرے ہوئے ہیں، وہاں کے قواعد کا احترام کریں۔
- ✅ دوسرے رہائشیوں، عملے اور دیگر افراد کا احترام کریں۔
- ✅ کویستورا ) پولیس ہیڈ کوارٹرز (، پریفیکٹورا کے ساتھ ساتھ استقبالیہ مرکز کے عملے کو اپنی رابطہ کی معلومات (فون نمبر، ای میل ایڈریس) فراہم کریں، تاکہ وہ کسی بھی وقت آپ سے رابطہ کر سکیں

## اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟



پریفیکٹورا آپ کے حالات کا جائزہ لیں گے اور ہو سکتا ہے کہ وہ کسی قسم کی معاونت کو ختم کر دیں یا کم کر دیں۔ حکام آپ کو اس فیصلے کے بارے میں لکھ کر بتائیں گے اور ساتھ یہ بھی بتائیں گہ کوکونسی معاونت ختم یا کم کر دی جائے گی۔

### توجہ فرمائیں!

**آپ کو اس صورت میں کم معاونت مل سکتی ہے**، مثال کے طور پر، اگر:

- آپ بغیر اجازت اُس مخصوص جگہ سے چلے جاتے ہیں جہاں حکام نے آپ کو رہنے کا کہا ہے۔
- آپ حکام کے ساتھ تعاون نہیں کرتے
- آپ اپنے مالی وسائل کے بارے میں جھوٹ بولتے ہیں
- آپ جہاں ٹھہرے ہوئے ہیں، وہاں کے قواعد کی پابندی نہیں کرتے
- آپ اس ملک کو اجازت کے بغیر چھوڑ دیتے ہیں اور آپ کو دوبارہ اس ملک واپس بھیج دیا جاتا ہے
- آپ نے پہلے ہی کسی EU+ ملک میں پناہ کی درخواست دی ہے، اور آپ وہ ملک چھوڑ چکے ہیں۔
- آپ نے سابقہ طور پر حتمی مستردگی (ڈیفینیٹو ریجیکشن) حاصل کرنے کے بعد پناہ گزینی کی ایک نئی درخواست دائر کی ہو، اور اسے ناقابلِ قبول قرار دے دیا گیا ہو۔




**آپ کو ملنے والی معاونت اس صورت میں ختم ہو سکتی ہے** اگر آپ دوسروں پر تشدد کرتے یا انہیں ڈراتے دھمکاتے ہیں، یا اگر آپ بار بار اور سنگین طریقے سے اپنی رہائش کے قواعد کو توڑتے ہیں۔ اس صورت میں ہو سکتا ہے کہ پولیس کو بھی بلایا جائے۔

**توجہ فرمائیں!** اگر آپ مخصوص جگہ پر رہائش اختیار کرنے کی ذمہ داری اور عائد کردہ پابندیوں کی تعمیل نہیں کرتے، اور حکام کو یہ اندیشہ ہو کہ آپ دوبارہ فرار ہو سکتے ہیں تو:

- آپ کو حراست میں رکھا جا سکتا ہے
- آپ کا پناہ گزینی کا طریقۂ کار روک دیا جائے گا اور آپ کی درخواست کو واپس لی گئی یا مسترد شدہ سمجھا جائے گا۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ بین الاقوامی تحفظ کے درخواست دہندہ کے طور پر اپنا اسٹیٹس اور اس سے وابستہ تمام حقوق کھو سکتے ہیں۔

## اگر آپ حکام کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے EU + ملک جاتے ہیں تو کیا ہوگا؟




اٹلی میں:

- آپ کا پناہ گزینی کا طریقۂ کار روک دیا جائے گا اور آپ کی درخواست کو واپس لی گئی یا مسترد شدہ سمجھا جائے گا۔

**اس EU+ ملک میں جہاں آپ بغیر اجازت گئے تھے:**

- ہو سکتا ہے کہ حکام آپ کو اسی ملک واپس بھیجنے کا فیصلہ کریں جہاں سے آپ بغیر اجازت نکلے تھے

حکام کی طرف سے واپس بھیجے جانے کے متعلق فیصلہ ملتے ہی، آپ کے کچھ حقوق ختم ہو جائیں گے، جیسے کہ:

- آپ کو **کئی سہولیات اور کئی قسم کی معاونتیں نہیں ملیں گی**
- آپ کو **کام کرنے کی اجازت نہیں ہوگی**
- آپ کو **زبان کے کورسز یا نئی مہارتوں کے کورسز میں شرکت کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔**

## آپ حکام کے فیصلے کو اپیل کر سکتے ہیں



اگر پریفیکٹورا بطور درخواست دہندہ آپ کے حقوق کم کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں اور آپ سمجھتے ہیں کہ فیصلہ غلط ہے، تو آپ **فیصلے کو اپیل کر سکتے ہیں**۔

اگر پریفیکٹورا یہ فیصلہ کرتی ہے تو آپ علاقائی انتظامی عدالت کے سامنے اپیل دائر کر سکتے ہیں:

- آپ کو ملنے والی استقبال کی معاونت میں کمی کی جائے گی یا اسے ختم کیا جائے گا
- آپ کی اس درخواست کو منظور نہ کرنا کہ آپ مخصوص مقررہ جگہ سے عارضی طور پر باہر جانے کی اجازت حاصل کر سکیں
- آپ کو ایک مخصوص مقررہ جگہ پر ہی رہائش اختیار کرنا لازم ہے

اگر پولیس یہ فیصلہ کرتی ہے تو آپ مجاز جج کے سامنے اپیل دائر کر سکتے ہیں:

آپ کو حراست میں رکھنے کا

اگر آپ حکام کی اجازت کے بغیر کسی EU+ ملک گئے تھے، اور وہاں جا کر آپ کے استقبال کے کچھ حقوق ختم ہو گئے ہیں، تو آپ اس ملک میں اس فیصلے کو اپیل کر سکتے ہیں۔

اگر پریفیکٹورا صفحہ 16 پر بیان کردہ حالات کی وجہ سے آپ کو فراہم کردہ استقبالیہ امداد کو کم کرنے یا منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتی ہے، تب بھی آپ کو مخصوص حقوق حاصل رہیں گے۔
مثال کے طور پر، حکام کے فیصلوں کے مطابق، آپ ڈاکٹر یا نرس سے معائنہ کروا سکیں گے، طبی امداد حاصل کر سکیں گے، خوراک اور لباس کے لیے کچھ مدد اور سونے کی جگہ حاصل کر سکیں گے۔
امداد کی نوعیت آپ کی ذاتی صورتحال اور آپ کی ضروریات پر منحصر ہوگی

اگر اس +EU ملک کے حکام، جہاں آپ بغیر اجازت گئے تھے، آپ کو ملنے والی استقبال کی معاونت بند کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ کے ذاتی حالات اور ضروریات کی بنیاد پر فیصلہ کیا جائے گا کہ آپ کو کونسی معاونتیں ملتی رہیں گے۔

## آپ کو قانونی مدد مل سکتی ہے



اگر آپ جج کے سامنے اپنے استقبالیہ کے حقوق کو محدود کرنے کے حکام کے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کو مفت قانونی امداد اور نمائندگی حاصل ہو سکتی ہے، بشرطیکہ آپ کے پاس کافی معاشی وسائل نہ ہوں اور آپ کی درخواست واضح طور پر بے بنیاد نہ ہو۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو ایک وکیل کی مدد حاصل ہوگی۔ وکلاء جج کے سامنے قانونی امداد فراہم کرتے ہیں، آپ کے مفادات کا دفاع کرتے ہیں اور وہ حکام اور جج سے آزاد ہوتے ہیں۔
آپ اپنے خرچے پر کسی قانونی مشیر یا وکیل سے بھی رجوع کر سکتے ہیں




استقبالیہ مرکز کا عملہ آپ کو کسی فیصلے کے خلاف اپیل دائر کرنے کے طریق کے بارے میں مطلع کرے گا۔
آپ دستیاب مفت قانونی امداد اور نمائندگی سمیت مزید معلومات کے لیے ہمیشہ حکام، غیر سرکاری تنظیموں (NGOs) یا یو این ایچ سی آر (UNHCR)سے رجوع کر سکتے ہیں۔

یہ کتابچہ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے آپ میں حقوق یا ذمہ داریاں تخلیق نہیں ہوتیں۔ یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ (EUAA) نے اس مواد کا مرکزی حصہ فراہم کیا ہے، اور EUAA نے صرف EU کی رکن ریاستوں کو اس کی نقل بنانے اور اسے تبدیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ EUAA، یورپی یونین کی رکن ریاستوں یا کسی بھی ذمہ دار تھرڈ پارٹی کی طرف سے اس کتابچے میں شامل کی جانے والی معلومات کے درست ہونے، مشمولات، مکمل ہونے، قانونی طور پر درست ہونے، یا معتبر ہونے کے سلسلے میں کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ نہ تو EUAA اور نہ ہی EUAA کی طرف سے اقدام کرنے والا کوئی شخص اس کتابچے میں موجود معلومات کے کسی بھی استعمال کا ذمہ دار ہے۔

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025